فقہ القرآن

اسلام...... اور...... دیگر مذاہب

قاتلوا الذين لا يؤمنون بالله ولا باليوم الآخر ولا يحرمون ما حرم الله ورسوله ولا يدينون دين الحق من الذين اوتو الكتاب حتى يعطوا الجزية عن يد وهم صغرون ﴿التوبة : ۲۹﴾

(لڑو ان سے جو ایمان نہیں لائے اللہ پر اور قیامت پر اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جس کو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے اور سچے دین کے تابع نہیں ہوتے یعنی وہ جو کتاب دیئے گئے جب تک اپنے ہاتھوں سے جزیہ نہ دیں ذلیل ہو کر۔)

حضور سید عالم ﷺ کا لایا ہوا دین دینِ اسلام ہی سچا دین ہے اس سے پہلے جتنے دین آئے اب وہ منسوخ ہیں، یہی دین اللہ تعالی کے ہاں مقبول و محبوب ہے، اس ارشاد ربانی نے اس کی توثیق فرمادی ہے۔ دینِ اسلام کے علاوہ اور سب دین باطل ہیں جیسے یہودیت، نصرانیت، مجوسیت، ہندومت، بدھ مت، جین مت، دہریت، لادینیت، بت پرستی وغیرہ مردود ہیں۔ رب تعالی فرماتا ہے ومن یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ وھو فی الآخرۃ من الخاسرین۔ اور جو جوئی اسلام کے سوا کوئی دین چاہے گا وہ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ اور وہ آخرت میں زیاکاروں میں سے ہے۔

اللہ تعالی کے مبغوض و ناپسندیدہ ادیان کو اب قبول کرنا اللہ تعالی کی نافرمانی اور بغاوت ہے لہذا بندہ خدا پر فرض ہے کہ وہ دین اسلام کو قبول کرے اور اللہ تعالی کی بغاوت سے کلی طور پر کنارہ کش رہے۔ اہل کتاب، یہود و نصاری، کے کفریات میں اللہ تعالی نے یہ امر شمار فرمایا کہ وہ دین حق دین مصطفی ﷺ کو قبول نہیں کرتے لہذا وہ کافر ہیں۔

اسلام سب سے اعلی و غالب دین ہے اس پر کوئی بالا نہیں۔ مسلمانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اور جیسے ممکن ہو اسلامی اقتدار کو دنیا پر قائم رکھیں اور دوسرے دینوں والوں کو اپنا مطیع و فرماں بردار بنا کر رکھیں، بقدرِ استطاعت ہر مسلمان اس فریضہ کو انجام دے اور اسلام کی حقانیت اور غلبہ میں مقدور بھر کوشش کرے۔

﴿انتخاب از : احکام القرآن جلد چہارم ، علامہ مفتی محمد جلال الدین قادری﴾

☆ کتاب و سنت سے اخذ کردہ احکام ، فقہی احکام کہلاتے ہیں ☆